بسم اللہ الرحمن الرحیم

# نماز میں شرمگاہ کھجانے سے وضو اور نماز کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

نماز میں اگر کسی نے شرمگاہ کو کھجایا تو اس کی نماز کا کیا حکم ہے ؟

## جواب

نماز میں شرم گاہ کو کھجانے سے نماز نہیں ٹوٹتی، نماز ہوجائے گی اور نہ ہی اس سے وضو ٹوٹے گا۔

نبی پاک صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ اگر کسی نے شرمگاہ کو چھوا تو کیا اس پر وضو کرنا لازم ہے تو نبی پاک صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ اس کی وجہ سے وضو لازم نہیں انما ھو منک کیونکہ یہ تمہارے جسم کا حصہ ہے۔ (سنن ابنِ ماجہ، حدیث: 4341)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مفتی محمد نوید رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: FatwaQA-044

تاریخ اجراء: 12 ربیع الثانی 1448ھ/25 ستمبر 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net